## ایم کیوایم سرجانی ٹاؤن سیکٹر کے کارکن سلامت رحمٰن کی شہادت پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔21، اکتوبر 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم سرجانی ٹاؤن سیکٹر یونٹ 2 کے کارکن سلامت رحمٰن کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے شہید کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہید کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔ (آمین)

## نارتھ کراچی میں مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے ایم کیوایم کے کارکن سلامت رحمٰن شہید
## نارتھ ناظم آباد اور اورنگی ٹاؤن میں مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے کارکن اور کارکن کے بھائی شدید زخمی

کراچی۔۔۔21، اکتوبر 2008ء

مسلح دہشت گردوں نے متحدہ قومی موومنٹ سرجانی ٹاؤن سیکٹر یونٹ یوسف گوٹھ 2 کے کارکن سلامت رحمٰن کو فائرنگ کرکے شہید کردیا۔تفصیلات کے مطابق ایم کیوایم کے کارکن سلامت رحمٰن اپنے گھر سے ڈیوٹی جارہے تھے کہ نارتھ کراچی میں موٹرسائیکل پر سوار مسلح دہشت گردوں نے ان پر اندھادھند فائرنگ کردی جس کے نتیجے میں ان کے سینے، بازو اور سر میں گولیاں لگیں اور وہ موقع پر ہی شہید ہوگئے۔(انا للہ وانا الیہ راجعون) شہید کے سوگواران میں ایک بہن اور ایک بھائی شامل ہیں۔سلامت رحمٰن شہید کو صدیق آباد نیوکراچی نمبر 6 کے قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا۔شہید کی نماز جنازہ رحمانیہ مسجد میں ادا کی گئی۔نماز جنازہ اور تدفین میں حق پرست صوبائی مشیر خواجہ اظہارالحسن، رکن سندھ اسمبلی عادل خان، نیوکراچی ٹاؤن کے حق پرست ٹاؤن ناظم محمد ذوالفقار، ایم کیوایم سرجانی ٹاؤن اور نیوکراچی سیکٹر کمیٹیوں کے اراکین، یونٹوں کے ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں اور شہید کے عزیزواقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔دریں اثناء نارتھ ناظم آباد کے علاقے کھنڈو گوٹھ میں کار سوار مسلح دہشت گردوں نے فائرنگ کرکے ایم کیوایم نارتھ ناظم آباد یونٹ 171 کے کارکن آصف سہیل کو شدید زخمی کردیا۔اسی طرح اورنگی ٹاؤن ساڑھے گیارہ کے علاقے گلشن ضیاء میں مسلح دہشت گردوں نے ایم کیوایم یونٹ 118-B کے کارکن شاہد جمال کے بھائی خالد جمال کو اغواء کرنے کی کوشش کی اور مزاحمت پر انہیں فائرنگ کرکے شدید زخمی کردیا۔زخمیوں کی حالت تشویشناک بتائی جاتی ہے۔واضح رہے کہ گزشتہ دنوں لائنز ایریا، نیوکراچی، شاہ فیصل کالونی اور شہر کے دیگر علاقوں میں فرقہ پرست تنظیم کے مسلح دہشت گردوں نے فائرنگ کرکے ایم کیوایم کے کارکنان محمد فاروق اور محمد دانش کو شہید اور ایم کیوایم کے متعدد کارکنان وہمدردوں کو شدید زخمی کردیا تھا۔شہر کے مختلف علاقوں میں ایم کیوایم کے کارکنان کو شہید وزخمی کرنے کے مسلسل واقعات سے ایم کیوایم کے کارکنان وعوام میں شدید غم وغصہ پایا جاتا ہے۔

## حق پرست عوام، محسن بھوپالی کی اہلیہ کی صحتیابی کیلئے خصوصی دعا کریں، الطاف حسین اپیل

لندن۔۔۔21، اکتوبر 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے برصغیر کے نامور شاعر محسن بھوپالی مرحوم کی اہلیہ محترمہ مقبول کشور کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے ان کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے دعا کی ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے حق پرست ماؤں، بہنوں، بزرگوں اور کارکنوں سے اپیل کی ہے کہ وہ محترمہ مقبول کشور کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعائیں کریں۔

## حق پرست عوام، جمیل شہید کے والد کی صحت یابی کیلئے خصوصی دعا کریں، الطاف حسین

لندن۔۔۔21، اکتوبر 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم اسپیچ کمیٹی کے شہید رکن جمیل احمد کے والد ابوالحسن کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور ان کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے دعا کی ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے حق پرست ماؤں، بہنوں، بزرگوں اور کارکنوں سے اپیل کی ہے کہ وہ ابوالحسن کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے خصوصی دعا کریں۔

## ایم کیوایم کے کارکنان کوشہید وزخمی کرنے کے واقعات کا سنجیدگی سے نوٹس لیا جائے، رابطہ کمیٹی

## سازشی منصوبہ بندی کے تحت ایم کیوایم کے بے گناہ کارکنان کو ٹارگٹ کلنگ کا نشانہ بنایا جارہا ہے

## کارکنان پرامن رہ کر کراچی کا امن وسکون تباہ کرنے کی سازش کو ناکام بنادیں

کراچی۔۔۔21، اکتوبر2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے مسلح دہشت گردوں کے ہاتھوں ایم کیوایم سرجانی ٹاؤن سیکٹر یونٹ 2 کے کارکن سلامت رحمٰن کے بہیمانہ قتل، ایم کیوایم نارتھ ناظم آباد کے کارکن آصف سہیل اوراورنگی ٹاؤن کے کارکن شاہد جمال کے بھائی خالد جمال کو فائرنگ کر کے زخمی کرنے کے واقعات کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ گزشتہ دنوں فرقہ پرست تنظیم کے مسلح دہشت گردوں نے شہر کے مختلف علاقوں میں فائرنگ کر کے ایم کیوایم کے کارکنان محمد دانش اور محمد فاروق کو شہید اور متعدد کارکنان وہمدردوں کو زخمی کردیا تھا اور آج مسلح دہشت گردوں نے ایم کیوایم سرجانی ٹاؤن سیکٹر کے کارکن سلامت رحمٰن کو دہشت گردی کا نشانہ بنا کر شہید کردیا جبکہ نارتھ ناظم آباد میں ایم کیوایم کے کارکن آصف سہیل اوراورنگی ٹاؤن میں ایم کیوایم کے کارکن شاہد جمال کے بھائی خالد جمال کو فائرنگ کر کے زخمی کردیا۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ایک منظّم سازشی منصوبہ بندی کے تحت ایم کیوایم کے بے گناہ کارکنان کو ٹارگٹ کلنگ کا نشانہ بنایا جارہا ہے اور شہر میں امن وامان کی صورتحال کو تباہ کر کے پاکستان کی معاشی صورتحال کو مزید کمزور کرنے کے گھناؤنے منصوبہ پر عمل کیا جارہا ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ جو عناصر اپنے مذموم عزائم کی تکمیل کیلئے ایم کیوایم کے بے گناہ کارکنان کو اپنی دہشت گردی کا نشانہ بنارہے ہیں وہ ملک وقوم کے کھلے دشمن ہیں۔رابطہ کمیٹی نے صدرمملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی، گورنرسندھ ڈاکٹرعشرت العباداور وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ ایم کیوایم کے کارکنان کوشہید وزخمی کرنے کے واقعات کا سنجیدگی سے نوٹس لیا جائے اور دہشت گردی کے واقعات میں ملوث سفاک قاتلوں کو گرفتار کر کے قرارواقعی سزادی جائے۔رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کے تمام ذمہ داران وکارکنان سے اپیل کی کہ وہ دہشت گردی کے واقعات پر اپنے جذبات کو قابو میں رکھیں ،ان واقعات پر صبروتحمل کا مظاہرہ کریں اور پرامن رہ کر کراچی کا امن وسکون تباہ کرنے کی سازش کو ناکام بنادیں۔رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم سرجانی ٹاؤن سیکٹر کے کارکن سلامت رحمٰن شہید کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہید کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا فرمائے۔رابطہ کمیٹی نے دہشت گردی کے واقعات میں زخمی ہونے والے آصف سہیل اور خالد جمال کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے بھی دعا کی۔

## وزیراعلیٰ سندھ کے حق پرست معاون خصوصی غلام حیدرراہو نے میرپورخاص

## میں قتل ہونے والے احمدی جماعت کے ڈاکٹر منان کی رہائشگاہ جا کر ورثاء سے تعزیت کی

میرپورخاص۔۔۔21، اکتوبر2008ء

وزیراعلیٰ سندھ کے حق پرست معاون خصوصی غلام حیدرراہو نے میرپورخاص میں قتل ہونے والے احمدی جماعت کے ڈاکٹر منان کی رہائشگاہ جا کر مقتول کے سوگواران سے ملاقات کی اوران سے دلی تعزیت کی۔اس موقع پر ایم کیوایم کے مقامی ذمہ داران بھی موجود تھے۔مقتول کے ورثاء سے بات چیت کرتے ہوئے غلام حیدرراہو نے کہا کہ ایم کیوایم احترام انسانیت پر یقین رکھتی ہے اور مذہبی انتہاء پسندی کے خلاف ہے۔وہ کچھ دیر تک مقتول کے سوگواران کے ساتھ رہے۔بعدازاں غلام حیدرراہو نے مقتول کے فضل عمر میڈیکل سینٹر کا دورہ بھی کیا اور عملہ سے قتل کے واقعہ کی تفصیلات بھی معلوم کیں۔

☆☆☆☆☆